| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب دوم: ایمانیات و عبادات (الف) ایمانیات | سبق کا نام: توحید کا تعارف |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عقیدے کا مفہوم جان سکیں۔
- توحید کا معنٰی و مفہوم جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عقیدہ اور توحید کا مفہوم سمجھائیں انھیں بتائیں عقیدہ توحید وہ کلمہ ہے جس کو دل سے مانے بغیر کوئی بھی شخص مسلمان نہیں ہو سکتا۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 8 کھولنے کی ہدایت دیں۔
- سبق کا متن ''عقیدہ کا مفہوم'' اور ''توحید کے معنٰی و مفہوم'' کی پڑھائی مکمل کروائیں۔ مشکل الفاظ کی دہرائی کروائیں اور ان کے معانی بھی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں عقیدہ اسلامی تعلیمات کا بنیادی حصّہ ہے اور اسلامی تعلیمات کے مطابق کسی حقیقت کا بلاشک و شبہ زبان سے اقرار کرنا اور دل سے اس کو ماننا عقیدہ کہلاتا ہے۔
- انھیں بتائیں توحید عربی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب ہے 'ایک ماننا' اور 'یکتا جاننا'۔ توحید کا مطلب یہ بھی ہے کہ اس بات کو دل سے تسلیم کیا جائے کہ کائنات میں موجود ہر شے کا خالق اور مالک صرف اللہ تعالٰی ہے اور کائنات میں ہر شے صرف اسی کے حکم کی تعمیل کرتی ہے۔ جیسے سورج کا اپنے مقرّرہ وقت پر طلوع

وغروب ہونا، ستاروں کی گردش، موسموں کا بدلنا، سمندروں اور دریاؤں میں پانی کا بہاؤ، یہ سب اللہ تعالیٰ کی قدرت کی ہی نشانیاں ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں کہ عقیدۂ توحید اسلام کا بنیادی عقیدہ ہے۔ اس عقیدے پر ایمان لانے کا مطلب ہے کہ اس بات پر یقین رکھیں کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے وہ خالق ہے، سب سے بڑا ہے اور اکیلا ہی پوری کائنات کا نظام چلا رہا ہے ہمیں صرف اسی کی بندگی کرنی چاہیے کیونکہ صرف وہی عبادت کے لائق ہے۔
- طلبہ کو بتائیں عقیدۂ توحید مومن کی سب سے بڑی دولت ہے اور کامیابی کی ضمانت ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| تصدیق | تَص۔ دیق | سچ ہونے کی تائید |
| عقیدہ | عَ۔ قی۔ دہ | ایمان |
| شُبہ | شُ۔ بہ | گمان |
| اقرار | اِق۔ رار | قول وقرار |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

پڑھائے گئے سبق سے متعلق طلبہ سے سوال پوچھیں درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق گھر میں دہرائیں اور ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

عقیدۂ توحید کے موضوع پر چند جملے اپنی کاپی میں خوش خط لکھیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| سبق: توحید کا تعارف | مضمون: اسلامیات | نام: ___________ |
|---|---|---|

سوال 1: عقیدہ کا مفہوم لکھیں۔

___________________________________

___________________________________

سوال 2: عقیدۂ توحید کا مطلب لکھیں۔

___________________________________

___________________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات وعبادات (الف) ایمانیات | سبق کا نام: توحید کا تعارف |

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کا وحدہٗ لا شریک کے طور پر ادراک کر سکیں۔
- کلمہ طیّبہ اور سورۃ الاخلاص کا ترجمہ اور ان میں موجود تعلیمات جان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں عقیدۂ توحید دینِ اسلام کا بنیادی عقیدہ اور اہم رکن ہے۔

تختہ تحریر پر ارکانِ ایمان کا عنوان لکھیں اور طلبہ سے پوچھیں۔ ساتھ ساتھ ارکان کے نام تختہ تحریر پر لکھتے جائیں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ پر ایمان

۲۔ فرشتوں پر ایمان

۳۔ آسمانی کتابوں پر ایمان

۴۔ رسولوں پر ایمان

۵۔ قیامت کے دن پر ایمان

انھیں بتائیں کہ کلمہ طیّبہ اور سورۃ الاخلاص سے بھی ہمیں توحید کا سبق ملتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی ذات میں یکتا اور بے مثال ہے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 8 کھولنے کی ہدایت دیں۔

- سبق کے متن اللہ تعالیٰ کی وحدانیت ' اور 'کلمہ طیّبہ اور سورۃ الاخلاص ' کی پڑھائی مکمل کروائیں۔ مشکل الفاظ کی دہرائی کروائیں اور ان کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ اس کائنات میں موجود ہر شے کا خالق و مالک ہے ہم سب اُس کی مخلوق ہیں وہ ہم سب کو پیدا کرنے والا ہے۔ ہم سب اپنی ضروریات کے لیے اسی کے محتاج ہیں۔
- تختہ تحریر پر کلمہ طیّبہ مع ترجمہ نمایاں کر کے لکھیں۔
- طلبہ سے کلمہ طیّبہ مع ترجمہ پڑھوائیں۔ انھیں بتائیں کہ اس کلمے کو پڑھے بغیر اور دل سے مانے بغیر کوئی بھی شخص مسلمان نہیں ہو سکتا۔ کلمہ طیّبہ کے پہلے حصّے میں اس بات کا اقرار کیا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے اور وہی معبودِ برحق ہے یعنی وہ ذات ہی عبادت کے لائق ہے جبکہ دوسرے حصّے میں اس بات کا اقرار کیا جاتا ہے کہ نبی کریم حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ کلمہ طیّبہ افضل ترین ذکر ہے اور دنیا و آخرت میں کامیابی کی ضمانت ہے۔
- تختہ تحریر پر سورۃ الاخلاص مع ترجمہ لکھیں۔
- طلبہ سے سورۃ الاخلاص درست تلفّظ سے پڑھوائیں۔ انھیں بتائیں سورۃ الاخلاص میں توحید کی نہایت مختصر اور جامع الفاظ میں وضاحت کی گئی ہے۔
- طلبہ کو سورۃ الاخلاص کا مطلب سمجھائیں کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے وہ اپنی ذات اور صفات میں یکتا ہے، وہ بے نیاز ہے اور کائنات میں کوئی بھی ایسا نہیں جو اس کی برابری کر سکے۔ یعنی اللہ تعالیٰ اپنی ذات میں یکتا اور بے مثال ہے۔ وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ کائنات میں موجود ہر چیز اس کے قبضۂ قدرت میں ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| جامع | جا۔ مع | مکمل |
| محتاج | مُح۔ تاج | ضرورت مند |
| اقرار | اِق۔ رار | قول و قرار |
| وضاحت | وَ۔ ضا۔ حت | واضح کرنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق کے جزو 1 اور 3 کے سوالات طلبہ سے پوچھیں اور درست جوابات دینے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ جزو 1 کے سوالات کاپیوں پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

⟸ ایک چارٹ پیپر پر کلمہ طیّبہ لکھیں اور کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

⟸ کلمہ طیّبہ اور سورۃ الاخلاص مع ترجمہ پڑھیں اور ساتھیوں کو سنائیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: اسلامیات | سبق: توحید کا تعارف |
| --- | --- | --- |

سوال 1: قرآن مجید کی اس مختصر سورت کا نام بتائیں جس میں صرف اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا ذکر کیا گیا ہے؟

________________________________

________________________________

سوال 2: کلمہ طیّبہ کا ترجمہ لکھیں۔

________________________________

________________________________

سوال 3: سورۃ الاخلاص میں اللہ تعالیٰ کی کون کون سی صفات بیان کی گئی ہیں؟

________________________________

________________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: ایمانیات و عبادات (الف) ایمانیات | سبق کا نام: توحید کا تعارف |

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی جان کر اُس کی نعمتوں کا شکر ادا کر سکیں۔
- عملی زندگی میں توحید کے تقاضے سمجھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں طلبہ کی سبق میں آمادگی کے لیے ان سے سوالات پوچھیں:

الف: دینِ اسلام کا بنیادی عقیدہ کیا ہے؟

ب: وحدہٗ لاشریک کا کیا مطلب ہے؟

ج: کلمہ طیّبہ اور سورۃ الاخلاص سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ کی ذات سب سے عظیم ہے وہ سب سے زیادہ طاقت والا اور علم والا ہے وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ انھیں بتائیں توحید کا اقرار اللہ تعالیٰ سے محبت اور ایمان کی علامت ہے اور توحید پر ایمان رکھنے سے ہماری زندگی کے تمام معاملات درست ہو جاتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 9 کھولنے کی ہدایت کریں۔
- سبق کا متن ''اللہ تعالیٰ کی عظمت'' سے ''توحید کے تقاضے'' کی پڑھائی مکمل کروائیں۔ مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔

- طلبہ کو توحید کی اہمیت سے آگاہ کریں کہ عقیدۂ توحید تمام عقائد کی بنیاد ہے حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ تک تمام انبیائے کرام علیہم السلام نے توحید کی دعوت دی۔
- قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ترجمہ: وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، غیب اور حاضر ہر چیز کو جاننے والا ہے وہ رحمٰن ورحیم ہے۔"(سورۃ الحشر، آیت: 22)
- عقیدۂ توحید پر ایمان کا مطلب یہ ہے کہ ہر شے کا مالک اللہ تعالیٰ ہے وہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے اور اسی کے حکم کے مطابق ہر شے کام کر رہی ہے۔ ہمیں اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے اور زندگی گزارنے کے لیے بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے جیسے گھر، والدین، پھل، سبزیاں، ہوا، پانی اور سورج وغیرہ۔ ان نعمتوں کا شمار تو ہم نہیں کر سکتے لیکن ہم ان کا شکر ادا کر سکتے ہیں۔ عقیدۂ توحید کا تقاضا بھی یہی ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی تمام نعمتوں کا شکر ادا کریں۔
- طلبہ کو بتائیں توحید کا تقاضا یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کو اپنی ذات اور صفات میں اعلیٰ و یکتا اور بے مثال تسلیم کیا جائے۔ اس بات پر پختہ یقین رکھا جائے کہ اس کا کوئی ساتھی یا شریک نہیں۔ کوئی اس کا ہم مرتبہ نہیں۔ ہر چیز پر اس کا مکمل اختیار ہے وہی سب کی سنتا اور مدد کرتا ہے۔ ہم سب اس کے محتاج ہیں وہ کسی کا محتاج نہیں۔
- انھیں بتائیں توحید کا اقرار اللہ تعالیٰ سے محبت اور ایمان کی علامت ہے۔ عقیدۂ توحید انسان کو شکر گزار بناتا ہے اس میں عاجزی پیدا کرتا ہے اور حالات کیسے بھی ہوں انسان کو صبر سے تمام حالات میں زندگی گزارنا سکھاتا ہے۔
- طلبہ کو تاکید کریں کہ ہمیں چاہیے ہمیشہ توحید پر قائم رہیں اور اس کے تقاضے پورے کریں تاکہ دنیا اور آخرت میں کامیابی حاصل کر سکیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5 منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| لائق | لا۔اِق | قابل |
| یکتا | یک۔تا | اکیلا |
| علامت | عَ۔لا۔مت | نشان |
| بزرگی | بُ۔زُر۔گی | بڑائی |

| | | |
|---|---|---|
| اختیار | اِخ۔تِ۔یار | قدرت رکھنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ مشق کے جزو(2) کے سوال (۲) کا جواب طلبہ سے پوچھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ جواب اپنی کاپی میں خوش خط لکھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ اپنے ارد گرد چیزوں کا مشاہدہ کریں اور اللہ تعالیٰ کی مدد سے انسان کی بنائی ہوئی چیزوں کی فہرست بنائیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** ____________ | **مضمون: اسلامیات** | **سبق: توحید کا تعارف** |

**سوال 1:** **اللہ تعالیٰ نے ہمیں کن کن نعمتوں سے نوازا ہے؟ فہرست بنائیں۔**

______________________________________________

______________________________________________